الشمس

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	سورج کی قسم اور اسکی دھوپ کی۔
۲	اور چاند کی جب وہ اسکے پیچھے چلے۔
۳	اور دن کی جب وہ اسے روشن کر دے۔
۴	اور رات کی جب وہ اسے چھپالے۔
۵	اور آسمان کی اور اس ذات کی جس نے اسے بنایا۔
۶	اور زمین کی اور اس ذات کی جس نے اسے پھیلایا۔
۷	اور نفس انسانی کی اور اسکی جس نے اسے درست کر کے بنایا۔
۸	پھر اسکو بدکاری سے بچنے اور پرہیزگار بننے کی سمجھ دی۔
۹	کہ جس نے اپنے نفس کو پاک رکھا وہ مراد کو پہنچا۔
۱۰	اور جس نے اسے خاک میں ملایا وہ نامراد رہا۔
۱۱	قوم ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب پیغمبر کو جھٹلایا۔
۱۲	جب ان میں سے ایک نہایت بدبخت اٹھا۔
۱۳	تو اللہ کے پیغمبر صالح نے ان سے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اسکے پانی پینے کی باری سے خبردار رہو۔
۱۴	مگر انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا پھر اونٹنی کو مار ڈالا۔ تو انکے رب نے انکے گناہ کے سبب انکو نیست و نابود کر دیا پھر

	سب کو برابر کر دیا۔
۱۵	اور اللہ کو انکے بدلہ لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں۔